www.jang.com.pk

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC CERTIFIED پاکستان کے ہر روزنامہ سے زیادہ

LOCAL EDITION

THE DAILY JANG RAWALPINDI

روزنامہ جنگ راولپنڈی

بانی...... میر خلیل الرحمٰن

جلد 66 | منگل 28 شوال المکرم 1445ھ 7 مئی 2024ء 24 بیساکھ 2081 ب | نمبر 126

# وفاقی محتسب کا بھاری گاڑیوں‘ موٹر سائیکلوں کیلئے میکنزم بنانے کا حکم

## انتہائی بائیں لین پر عملدرآمد کا حکم‘ سینئر ایڈوائزر کی سربراہی میں ٹیم کی ٹریفک حکام کو ہدایت

اسلام آباد (طاہر خلیل/ایوب ناصر) وفاقی محتسب نے اسلام آباد ٹریفک پولیس کو بھاری گاڑیوں اور موٹر سائیکل سواروں کو انتہائی بائیں لین میں رکھنے کا میکنزم بنانے اور سختی سے عملدرآمد کا حکم دیا ہے۔ سینئر ایڈوائزر احمد فاروق کی سربراہی میں چار رکنی معائنہ ٹیم نے پیر کو اسلام آباد ٹریفک آفس کا دورہ کیا۔ پرویز حلیم، عبدالمجید نیازی اور خالد سیال پر مشتمل ٹیم نے لائسنس کیلئے آئے افراد کی شکایات سنیں اور ایس ایس پی ٹریفک کو ازالے کا حکم دیا۔ ڈرائیونگ لائسنس کے اجراء اور اسکی تجدید سے متعلق تمام سہولیات آن لائن بھی دستیاب ہیں۔ ایس ایس پی ٹریفک محمد سرفراز ورک نے بتایا کہ اسلام آباد کی آبادی چوبیس لاکھ جبکہ 2023ء کے آخر تک گاڑیوں کی تعداد 19 لاکھ 86 ہزار 810 تک پہنچ گئی ہے۔

TUESDAY, MAY 07, 2024

قسم ہے قلم کی اور جو کچھ لکھتے ہیں ، القرآن

ABC CERTIFIED

اسلام آباد، پشاور، لاہور، ملتان، رحیم یار خان، مظفرآباد، کراچی، فرینکفرٹ، لندن اور گلگت بلتستان سے بیک وقت شائع ہونے والا پاکستان کا اردو اخبار

E-mail:ausaf@dsl.net.pk اعلیٰ صحافتی اوصاف کا علمبردار http://www.dailyausaf.com

روزنامہ اوصاف اسلام آباد

DAILY AUSAF ISLAMABAD

چیف ایڈیٹر: مہتاب خان ایڈیٹر: محسن بلال خان

جلد: 26 منگل 28 شوال المکرم 1445ھ 7 مئی 2024ء 25 بیساکھ 2081 بکرمی صفحات 8 قیمت 30 روپے شمارہ: 138

Registered ID 174

# وفاقی محتسب کی معائنہ ٹیم کا اسلام آباد ٹریفک پولیس آفس کا دورہ

## آن لائن اور گھر سے ڈرائیونگ لائسنس کی تجدید مفید اقدام ہیں، وفاقی محتسب

### اسلام آباد ٹریفک پولیس کو ون ونڈو ڈیسک کے قیام اور آگاہی مہم چلانے کی ہدایات

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کی ہدایت پر سینئر ایڈوائزر کی سربراہی میں وفاقی محتسب کی معائنہ ٹیم نے گزشتہ روز اسلام آباد ٹریفک پولیس (آئی ٹی پی) کا دورہ کر کے عوام الناس کو درپیش مشکلات اور آئی ٹی پی کی طرف سے فراہم کردہ سہولیات کا جائزہ لیا۔ ٹیم نے دورہ کے دوران وہاں موجود افراد کی شکایات سنیں اور آئی ٹی پی انتظامیہ کو ان کے ازالے کیلئے موقع پر ہدایات دیں۔ وفاقی محتسب نے آئی ٹی پی آفس میں ون ونڈو ڈیسک قائم کرنے کے عمل کو تیز کرنے کی ہدایت کی ہے تاکہ عوام کو ایک ہی چھت کے نیچے تمام سہولیات میسر ہوں۔ وفاقی محتسب نے ٹریفک پولیس کو ہدایت کی کہ وہ بھاری گاڑیوں اور موٹر سائیکل سواروں کو انتہائی بائیں لین میں رکھنے کا میکنزم بنائے۔ ٹیم نے آئی ٹی پی آفس میں کسٹمرز کے بیٹھنے، دھوپ سے بچاؤ اور ٹھنڈے پانی کا بندوبست کرنے کی بھی ہدایت کی۔ وفاقی محتسب کی معائنہ ٹیم کو بتایا گیا کہ گاڑیوں (باقی صفحہ 5 بقیہ نمبر 24)



کے ڈرائیونگ لائسنس کے اجراء اور اس کی تجدید سے متعلق تمام سہولیات آن لائن بھی دستیاب ہیں۔ آئی ٹی پی کی ٹیم یہ تمام سہولیات گھر کی دہلیز پر بھی فراہم کر رہی ہے۔ علاوہ ازیں تعلیمی اداروں اور پبلک مقامات پر آئی ٹی پی کی موبائل ٹیمیں موقع پر بھی یہ سہولیات فراہم کر رہی ہیں۔ اسلام آباد ٹریفک پولیس کے ایس ایس پی محمد سرفراز ورک نے ٹیم کو بریفنگ کے دوران بتایا کہ اسلام آباد کی آبادی چوبیس لاکھ تک پہنچ چکی ہے۔ اسی طرح سال 2023ء کے آخر تک گاڑیوں کی تعداد 810,86,19 تک پہنچ گئی ہے اور مذکورہ بالا سہولیات کی فراہمی کے لئے ٹریفک عملے میں خاطر خواہ اضافے کی ضرورت ہے۔

★★★★★

لاہور/راولپنڈی/اسلام آباد/کراچی/پشاور/کوئٹہ/فیصل آباد اور سرگودھا سے بیک وقت شائع ہونے والا قومی اخبار

Daily Nai Baat

روزنامہ نئی بات اسلام آباد

چیف ایڈیٹر چوہدری عبدالرحمن

| شمارہ 86 | قیمت 30 روپے | صفحات 8 | منگل 28 شوال المکرم 1445ھ 7 مئی 2024ء 24 بیساکھ 2081ب | جلد 13 |
|---|---|---|---|---|
| | www.naibaat.com e-mail: nb@naibaat.com | | | |

Tuesday 7 May 2024

## وفاقی محتسب معائنہ ٹیم کا اسلام آباد ٹریفک پولیس آفس کا دورہ

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کی ہدایت پر سینئر ایڈوائزر کی سربراہی میں وفاقی محتسب کی معائنہ ٹیم نے گزشتہ روز اسلام آباد ٹریفک پولیس (آئی ٹی پی) کا دورہ کر کے عوام الناس کو درپیش مشکلات اور آئی ٹی پی کی طرف سے فراہم کردہ سہولیات کا جائزہ لیا۔ ٹیم نے دورہ کے دوران وہاں موجود افراد کی شکایات سنیں اور آئی ٹی پی انتظامیہ کو ان کے ازالے کے لئے موقع پر ہدایات دیں۔ وفاقی محتسب نے آئی ٹی پی آفس میں ون ونڈو ڈیسک قائم کرنے کے عمل کو تیز کرنے کی ہدایت کی ہے۔

روزنامہ دنیا اسلام آباد، منگل، 7 مئی 2024ء

بانی ایڈیٹر انچیف
میاں عامر محمود

روزنامہ
دنیا
اسلام آباد

## وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کی ہدایت پر ٹیم کا دورہ آئی ٹی پی

اسلام آباد (نامہ نگار) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کی ہدایت پر سینئر ایڈوائزر کی سربراہی میں وفاقی محتسب کی معائنہ ٹیم نے گزشتہ روز اسلام آباد ٹریفک پولیس کا دورہ کر کے عوام الناس کو درپیش مشکلات اور آئی ٹی پی کی طرف سے فراہم کردہ سہولیات کا جائزہ لیا۔

RKI
YOUR WORLD IN WORDS
Rahbar International
جلد نمبر 2 | منگل، 28 شوال المکرم 1445ھ 7 مئی 2024ء صفحات 4، قیمت 10 روپے | شمارہ نمبر 102

# وفاقی محتسب کی معائنہ ٹیم کا اسلام آباد ٹریفک پولیس آفس کا دورہ

## آن لائن اور گھر سے ڈرائیونگ لائسنس کی تجدید کی سہولت مفید اقدام ہیں، وفاقی محتسب

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کی ہدایت پر سینئر ایڈوائزر کی سربراہی میں وفاقی محتسب کی معائنہ ٹیم نے گزشتہ روز اسلام آباد ٹریفک پولیس (آئی ٹی پی) کا دورہ کر کے عوام الناس کو درپیش مشکلات اور آئی ٹی پی کی طرف سے فراہم کردہ سہولیات کا جائزہ لیا۔ ٹیم نے دورہ کے دوران وہاں موجود افراد کی شکایات سنیں اور آئی ٹی پی انتظامیہ کو ان کے ازالے کے لئے موقع پر ہدایات دیں۔ وفاقی محتسب نے آئی ٹی پی آفس میں ون ونڈو ڈیسک قائم کرنے کے عمل کو تیز کرنے کی ہدایت کی ہے تا کہ عوام کو ایک ہی چھت کے نیچے تمام سہولیات میسر ہوں۔ وفاقی محتسب نے ٹریفک پولیس کو ہدایت کی کہ وہ بھاری گاڑیوں اور موٹر سائیکل سواروں کو انتہائی بائیں لین میں رکھنے کا میکنزم بنائے۔ ٹیم نے آئی ٹی پی آفس میں کسٹمرز کے بیٹھنے، دھوپ سے بچاؤ اور ٹھنڈے پانی کا بندوبست کرنے کی بھی ہدایت کی۔ وفاقی محتسب کی معائنہ ٹیم کو بتایا گیا کہ گاڑیوں کے ڈرائیونگ لائسنس کے اجراء اور اس کی تجدید سے متعلق تمام سہولیات آن لائن بھی دستیاب ہیں۔ آئی ٹی پی کی ٹیم یہ تمام سہولیات گھر کی دہلیز پر بھی فراہم کر رہی ہے۔ علاوہ ازیں تعلیمی اداروں اور پبلک مقامات پر آئی ٹی پی کی موبائل ٹیمیں موقع پر بھی یہ سہولیات فراہم کر رہی ہیں۔

اسلام آباد ٹریفک پولیس کے ایس ایس پی محمد سرفراز ورک نے ٹیم کو بریفنگ کے دوران بتایا کہ اسلام آباد کی آبادی چوبیس لاکھ تک پہنچ چکی ہے۔ اسی طرح سال 2023ء کے آخر تک گاڑیوں کی تعداد 19,86,810 تک پہنچ گئی ہے اور مذکورہ بالا سہولیات کی فراہمی کے لئے ٹریفک عملے میں خاطر خواہ اضافے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے بتایا کہ ہم اپنی مدد آپ کے تحت فیض آباد میں آئی ٹی پی کا نیا دفتر بنا رہے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ سال 2021ء میں 22,081,450 روپے کا ریونیو سرکاری خزانے میں جمع کرایا گیا جو سال 2023ء میں 294,444,400 روپے ہو گیا۔ وفاقی محتسب نے آئی ٹی پی کی کارکردگی پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے اس بارے میں آگاہی مہم چلانے کی بھی ہدایت کی تا کہ عام لوگ ان سہولیات سے مزید فائدہ اٹھا سکیں۔ بعض افراد اور ٹیم نے انتظامیہ کو ہدایت کی کہ گاڑیوں کے ڈرائیونگ لائسنس سے متعلق تمام ہدایات جلی حروف میں اردو اور انگلش میں بورڈز پر آویزاں کی جائیں نیز آن لائن اور گھر سے رجسٹریشن کی سہولیات کے بارے میں بھی بورڈز نمایاں انداز میں لگائے جائیں اور اس بارے میں آگاہی مہم بھی چلائی جائے۔

ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ کثیر الاشاعت روزنامہ
DAILY FRONTLINE KARACHI
روزنامہ فرنٹ لائن کراچی
چیف ایڈیٹر محمد عبدالسلام خان
ویب سائٹ www.frontline-news.pk
ای میل frontlinenewspk@gmail.com
جلد نمبر 18 | منگل 07 مئی 2024ء، 28 شوال المکرم 1445ھ | صفحات 8، قیمت 10 روپے | شمارہ نمبر 149

# وفاقی محتسب کی معائنہ ٹیم کا اسلام آباد ٹریفک پولیس آفس کا دورہ

## آن لائن اور گھر سے ڈرائیونگ لائسنس کی تجدید کی سہولت مفید اقدام ہیں، وفاقی محتسب

## اسلام آباد ٹریفک پولیس کو ون ونڈو ڈیسک کے قیام اور آگاہی مہم چلانے کی ہدایات



وفاقی محتسب کی معائنہ ٹیم اسلام آباد ٹریفک پولیس کے دفتر کا معائنہ کر رہی ہے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کی ہدایت پر سینئر ایڈوائزر کی سربراہی میں وفاقی محتسب کی معائنہ ٹیم نے گزشتہ روز اسلام آباد ٹریفک پولیس (آئی ٹی پی) کا دورہ کر کے عوام الناس کو درپیش مشکلات اور آئی ٹی پی کی طرف سے فراہم کردہ سہولیات کا جائزہ لیا۔ ٹیم نے دورہ کے دوران وہاں موجود افراد کی شکایات سنیں اور آئی ٹی پی انتظامیہ کو ان کے ازالے کے لئے موقع پر ہدایات دیں۔ وفاقی محتسب نے آئی ٹی پی آفس میں ون ونڈو ڈیسک قائم کرنے کے عمل کو تیز کرنے کی ہدایت کی ہے تاکہ عوام کو ایک ہی چھت کے نیچے تمام سہولیات میسر ہوں۔ وفاقی محتسب نے ٹریفک پولیس کو ہدایت کی کہ وہ بھاری گاڑیوں اور موٹر سائیکل سواروں کو انتہائی بائیں لین میں رکھنے کا میکنزم بنائے۔ ٹیم نے آئی ٹی پی آفس میں کسٹمرز کے بیٹھنے، دھوپ سے بچا اور ٹھنڈے پانی کا بندوبست کرنے کی بھی ہدایت کی۔ وفاقی محتسب کی معائنہ ٹیم کو بتایا گیا کہ گاڑیوں کے ڈرائیونگ لائسنس کے اجرا اور اس کی تجدید سے متعلق تمام سہولیات آن لائن بھی دستیاب ہیں۔ آئی ٹی پی کی ٹیم یہ تمام سہولیات گھر کی دہلیز پر بھی فراہم کر رہی ہے۔ علاوہ ازیں تعلیمی اداروں اور پبلک مقامات پر آئی ٹی پی کی موبائل ٹیمیں موقع پر بھی یہ سہولیات فراہم کر رہی ہیں۔ اسلام آباد ٹریفک پولیس کے ایس ایس پی محمد سرفراز ورک نے ٹیم کو بریفنگ کے دوران بتایا کہ اسلام آباد کی آبادی چوبیس لاکھ تک پہنچ چکی ہے۔ اسی طرح سال 2023 کے آخر تک گاڑیوں کی تعداد 19,86,810 تک پہنچ گئی ہے اور مذکورہ بالا سہولیات کی فراہمی کے لئے ٹریفک عملے میں خاطر خواہ اضافے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے بتایا کہ ہم اپنی مدد آپ کے تحت فیض آباد میں آئی ٹی پی کا نیا دفتر بنا رہے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ سال 2021 میں 22,081,450 روپے کا ریونیو سرکاری خزانے میں جمع کرایا گیا جو سال 2023 میں 294,444,400 روپے ہو گیا۔ وفاقی محتسب نے آئی ٹی پی کی کارکردگی پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے اس بارے میں آگاہی مہم چلانے کی بھی ہدایت کی تاکہ عام لوگ ان سہولیات سے مزید فائدہ اٹھا سکیں۔ بعض افراد اور ٹیم نے انتظامیہ کو ہدایت کی کہ گاڑیوں کے ڈرائیونگ لائسنس سے متعلق تمام ہدایات جلی حروف میں اردو اور انگلش میں بورڈز پر آویزاں کی جائیں نیز آن لائن اور گھر سے رجسٹریشن کی سہولیات کے بارے میں بھی بورڈز نمایاں انداز میں لگائے جائیں اور اس بارے میں آگاہی مہم بھی چلائی جائے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆